# PARLIAMENT OF PAKISTAN

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the Majlis-e-Shoora (Parliament) in joint sitting to be held on Friday, the 23rd January, 2026 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**2.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], as passed by the National Assembly and the Senate and returned by the President, be taken into consideration at once under clause (2) of Article 75 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**[Amendments in a separate list to be moved]**

**3.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**4.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill to provide for the establishment and management of the Daanish Schools [The Daanish Schools Authority Bill, 2025], as passed by the Senate and the National Assembly and returned by the President, be taken into consideration at once under clause (2) of Article 75 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**[Amendments in a separate list to be moved]**

**5.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill to provide for the establishment and management of the Daanish Schools [The Daanish Schools Authority Bill, 2025], be passed.

**6. DR. SHARMILA FARUQUI, MNA** to move that the Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, men, transgender, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025], as passed by the National Assembly and the Senate and returned by the President, be taken into consideration at once under clause (2) of Article 75 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**[Amendments in a separate list to be moved]**

**7. DR. SHARMILA FARUQUI, MNA** to move that the Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, men, transgender, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025], be passed.

**Islamabad, the**
**22nd January, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# پارلیمنٹ پاکستان

## نظام کار

## برائے مشترکہ اجلاس مجلس شوریٰ(پارلیمنٹ) جو جمعہ،۲۳ جنوری،۲۰۲۶ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔

1۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### قانون سازی

۲۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کی جانب سے منظور کیا گیا اور صدر کی جانب سے واپس ارسال کیا گیا قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل[قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۵۷ کی شق (۲) کے تحت فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۳۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کا بل[قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۴۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کی جانب سے منظور کیا گیا اور صدر کی جانب سے واپس ارسال کیا گیا دانش اسکولز کے قیام اور انتظام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل[دانش اسکولز اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۵۷ کی شق (۲) کے تحت فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۵۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ دانش اسکولز کے قیام اور انتظام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل[دانش اسکولز اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۶۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کی جانب سے منظور کیا گیا اور صدر کی جانب سے واپس ارسال کیا گیا گھریلو تشدد کے خلاف خواتین، مرد، مخنث افراد، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کے تحفظ، مدد اور بحالی کے لئے مؤثر نظام وضع کرنے کا بل[گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۵۷ کی شق (۲) کے تحت فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۷۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی** تحریک پیش کریں گی کہ گھریلو تشدد کے خلاف خواتین، مرد، مخنث افراد، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کے تحفظ، مدد اور بحالی کے لئے مؤثر نظام وضع کرنے کا بل[گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

**اسلام آباد،**
**۲۲ جنوری، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**